ایچ ائی وی علاج

ایچ ائی وی علاج ۔یہ علاج مختلف دوائیوں کے ذریعےکیا جاتا ہے۔یہ دوائیاں وائرس کی پیداوار پر اثر اندوز ہوتی ہیں جو وائرس کو مکمل طور پر ختم نہیں کر سکتی مگر وائرس کی پیداوار کی شرح کو کم کردیتی ہیں ۔اور متاثرہ سیلز کی مزید کسی دوسرے سیل کو متاثر کرنے کی خاصیت میں کمی پیدا کر دیتی ہیں۔

موجود نسخے ۔ اس وقت تک جو دوائیاں موجودہیں ان کی دو اقسام ہیں

ماضی میں ڈاکٹر دوائی کی ایک ہی قسم استعمال کرواتے تھے جسے **مونو تھراپی** کہتے ہیں۔اب کچھ عرصہ سے مختلف قسموں کے نسخے آ رہے ہیں ۔جن کے استعمال سے مریض کو زیادہ فائدہ ملا ہے۔اور دو یا تین نسخوں کا ایک ہی وقت استعمال سے بہتر اثر مرتب ہوئے ہیں ۔اس طریقے کو **مکس تھراپی** (تارگا۔ **TARGA**) کہتے ہیں۔لیکن ابھی تک یہ واضع نہیں ہے کہ کون سا نسخہ زیادہ بہتر ہے ۔

تھراپی(علاج)کس وقت شروع کیا جائے ابھی تک واضع نہیں ہے۔سپین میں اکثر ڈاکٹر علاج ، جب ایچ ائی وی سے متعلق علامات ظاہر ہوں ، اگر **CD4** کی تعداد 350 سے کم ہو یا تیزی سے کم ہو رہی ہو ،اور جب وائرس کی تعداد زیادہ ہو رہی ہو، شروع کرتے ہیں۔

تارگا میں دو حصہ نیوکلوسیدو اور ایک نسخہ شامل ہوتا ہے کچھ لوگ چار نسخے ایک ہی وقت میں استعمال کرتے ہیں۔

جب ایچ ائی وی انسانی جسم میں داخل ہوتا ہے تو پیدائش بڑھانے کے لیے اپنے جینیٹک کوڈ کو انسانی جینیٹک کوڈ سے مکس کرتا ہے اور انسانی سیلز میں پیدائش بڑھانا شروع کرتا ہے یعنی متاثرہ سیلز سے مذید وائرل سیلز پیدا ہوتے ہیں اور یوں انسانی جسم میں وائرس کی پیداوار شروع ہوجاتی ہے۔

اینٹی وی ائی ایچ علاج کے دو مختلف قسمیں ہیں جنھیں **T1** اور **ITINN**, کہتے ہیں۔**T1** کے موجود نسخے **AZT** (Retrovir) (zigan), **d4T**(Zerit), **3TC**(epiver), **dd1**(videx) ہیں۔یہ سب نیوکلوسیڈ کی قسمیں ہیں ۔

ITINN میں نیوکلوسیڈ نہیں ہوتا۔یہ بھی ٹی ون(TI) پر مختلف انداز سے اثر کرتی ہےاس کے بہت سےنسخوں میں Viramin, اور efaverenz ملا کر استعمال ہوتے ہیں ۔

پروٹیسا Proteasa

پروٹیسا Proteasa ایچ ائی وی کے مختلف انزائم ہیں،جو ایچ ائی وی کے ڈی این اے (DNA) کو انسانی ڈی این اے سے مکس کرتے ہیں اور یہ سیلز پروٹین کا ایک چین بناتے ہیں پروٹیسا پروٹین کے چین کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹتی ہے جو ایچ ائی وی کے نئے سیلز بنانے میں بھی مددگار ثابت ہو سکتے ہیں ۔اسی دوران پروٹیسا کے سیلز ایچ ائی وی کے متاثرہ سیلز سے نئے صحت مند سیلز کو متاثر ہونے سے روکتے ہیں۔

پروٹیسا کےموجود نسخے --- lopinavir , amrenavir , saquinavir , ritonavir , indinavir ہیں جو ابھی تک مارکیٹ میں فروخت کے لیےنہیں آئے۔

علاج کے دوسرے ذرائع ----- علاج کے دوسرے مختلف طریقوں پربھی کوشش ہو رہی ہے جیسے نیکلوسیڈ ، رائبونیوکلوٹیڈو T-20 اور دفاعی نظام کو بہتر بنانے کے مختلف طریقے جیسے interleuqina جو ایچ ائی وی کے خلاف قوتِ مدافعت میں اضافہ کرتا ہے۔

مختلف مظہر اثرات (سائیڈ ایفکٹ)۔

اینٹی ایچ ائی وی دوائیوں کے مختلف سائیڈ ایفکٹ بھی ہیں ۔آپنے ڈاکٹر سے ان مظہر اثرات کے بارے میں پتہ کریں اور اگر مسئلہ درپیش آ جائے تو جلد ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

مذاحمت Resistencia۔

دوائی کھانے کے باوجود ایچ ائی وی کی پیداوار بڑھتی رہے اور مذید طاقتور دوائی استعمال کریں تاکہ وائرس کی تعداد کم ہو ایچ ائی وی کسی ایک نسخے کے خلاف مزاحمت رکھتا ہے لیکن مذکورہ نسخے سے طاقتور نسخے موثر ثابت ہوتے ہیں

مذاحمت کا خطرہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب دوائی باقاعدگی سے نہ استعمال کی جائے اور موزوں خوراک نہ کھائی جائے۔ باقاعدگی کا مطلب ہے ڈاکٹر کے بتائے ہوئے **وقت** ، **نسخے** اور **مقدار** ہے اور مطلب واضع ہے کہ اگر علاج میں مکمل احتیاط نہ کی جائے تو علاج شروع ہی نہ کیا جائے